# قرآن پاک میں اللہ کی شریعت

سورۃ الاعراف 7:144-145

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم (شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے)

عزیز قاری اللہ تعالیٰ کی برکات آپ پر ہوں اور وہ آپ کو اپنا ابدی اطمنان دے۔

بہت سے لوگ سوال پوچھ رہے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی مقدس شریعت، دس احکام ابھی تک بنی نوح انسان کے لئے قائم ہیں۔ متقین جانتے ہیں کہ اللہ کی شریعت ہے جس سے وہ اپنی تمام مخلوقات پر اِس زمین پر حکومت کرتا ہے۔ حقیقت میں اللہ کی تمام مخلوقات خدا کی شریعت سے چلتی ہے۔ مثال کے طور پر کشش اصول۔ آپ ایک اچھا جہاز اُڑانے والا آلہ تیار نہیں کر سکتے جب تک اُسے اِن اصولوں کا عمل نہ ہو۔ پھر فزکس کے اصول ہیں وغیرہ موجود ہیں۔ اگرچہ ہم محسوس کریں یا نہ کریں ہر روز ہم مقرر کردہ اصولوں میں گرے ہوئے ہیں۔ اِن اصولوں کے ساتھ مکمل تعاون کے ساتھ ہوائی جہاز اُٹھایا جاتا ہے، کشش کے اصول کے جانتے ہوئے اگر تم بے احتیاطی سے اپنی کار سڑک کے کنارے لے آتے ہو تو اُلٹ سکتی ہے۔ فطرت کے اِن اصولوں کو جاننا اور ان میں قائم رہنا انسانوں کے لئے بڑی برکت ہے۔

پھر قوموں کے اصول یا شریعت ہے۔ دینا کے ہر ایک ملک کے اصول ہیں جو اُنہوں نے خود چُنے ہیں۔ کہ اپنی قوموں پر حکومت کریں۔ کوئی بھی اپنی قوم میں اُن قوانین کے بغیر رہنے کا سوچ بھی نہیں سکتے اگر ایسا ہو تو کتنی جلدی یہ بدنظمی دنیا میں تباہی لے آئے۔

## اللہ کی تمام کائنات شریعت کی پابند ہے

پورے قرآن پاک میں ہمیں اللہ کی شریعت کی یاددہانی کروائی گئی ہے۔ سورۃ البقرہ 2:93 "اور جب ہم نے تم لوگوں سے عہد واثق لیا اور کوہ طور پر اُٹھا کھڑا کیا۔ اور حکم دیا کہ جو کتاب ہم نے تمکو دی ہے اسکو زور سے پکڑو اور جو تمھیں حکم (شریعت، دس احکام پتھر کی لوح پر لکھے ہوئے) ہوتا ہے اسکو سنو۔"

اللہ کے احکام گزشتہ زمانے میں ہمارے پہلے والدین کے دیئے گئے تھے اِس لئے تو وہ گناہ کو پہچانتے تھے۔ ابراہیم بھی اللہ کی پاک اور راست شریعت کو جانتا تھا۔ کیونکہ لکھا ہے۔ توریت شریعت پیدائش 26:5 "اسلئے کہ ابراہیم نے میری بات مانی اور میری نصیحت اور میرے حکموں اور قوانین و آئین پر عمل کیا"

یہ حکم اور قوانین و آئین کوہ طور پر بیابان میں بنی نوح انسان کے لئے دوھرائے گئے۔ جب اسرائیل کی نسل ملکِ مصر سے نکالی گئی۔ موسیٰ کو الٰہی احکام کی ایک کاپی دی گی۔ سوُرالاعراف 7:144-145 "خدا نے فرمایا موسیٰ میں نے تم کو اپنے پیغام اور اپنے کلام سے لوگو سے ممتاز کیا ہے۔ تو جو میں نے تم کو عطا کیا ہے۔ اُسے پکڑے رکھو اور میرا شکر بجالاؤ۔ اور ہم نے تورات کی تختیوں (پتھر کی لوحیں) میں انکے لئے ہر قسم کی نصیحت (دس احکام) اور ہر چیز کی تفصیل لکھ دی پھر ارشاد فرمایا کہ اسے زور سے پکڑے رہو اور اپنی قوم سے بھی کہہ دو کہ ان باتوں کو جو اس میں مندرج ہیں اور بہتر ہیں پکڑے رہیں میں عنقریب تم کو نافرمان لوگوں کا گھر دکھاؤں گا۔"

## موسیٰ کو دیئے گئے تورات میں دس احکام

تورات خروج 1:20-17

1۔ "میرے حضور تو غیر معبودوں کو نہ ماننا۔" خروج 3:20

2۔ "تو اپنے لئے کوئی تراشی ہوئی مورت نہ بنانا۔ نہ کسی چیز کو صورت بنانا جو اوپر آسمان میں یا نیچے زمین پر یا زمین کے نیچے پانی میں ہے۔ تُو اُن کے آگے سجدہ نہ کرنا۔ اور نہ اُنکی عبادت کرنا کیونکہ میں خداوند تیرا خدا غیور خدا ہوں اور جو مجھ سے عداوت رکھتے ہیں میں اُن کی اولاد کو تیسری اور چوتھی پُشت تک باپ دادا کی بدکاری کی سزا دیتا ہوں۔ اور ہزاروں پر جو مجھ سے محبت رکھتے اور میرے حکموں کو مانتے ہیں رحم کرتا ہوں۔" خروج 4:20-6

3۔ "تُو خدُاوند اپنے خدا کا نام بے فائدہ نہ لینا کیونکہ جو اُسکا نام بے فائدہ لیتا ہے خُداوند اُسے بے گناہ نہ ٹھہرائے گا۔" خروج 7:20

4۔ "یاد کر کے تُو سبت کا دن پاک ماننا۔ چھ دن تک تُو محنت کر کے اپنا سارا کام کاج کرنا۔ لیکن ساتواں دن خداوند تیرے خدا کا سبت ہے اُس میں نہ تُو کوئی کام کرے نہ تیرا بیٹا نہ تیری بیٹی نہ تیرا غلام نہ تیری لونڈی نہ تیرا چوپایہ نہ کوئی مسافر جو تیرے ہاں تیرے پھاٹکوں کے اندر ہو۔ کیونکہ خداوند نے چھ دن میں آسمان اور زمین اور سمندر اور جو کچھ ان میں ہے وہ سب بنایا اور ساتویں دن آرام کیا۔ اسلئے خداوند نے سبت کے دن کو برکت دی اور اُسے مقدس ٹھہرایا۔" خروج 8:20-11

5۔ "تو اپنے باپ اور اپنی ماں کی عزت کرنا تا کہ تیری عمر اُس مُلک میں جو خداوند تیرا خدا تجھے دیتا ہے دراز ہو۔" خروج 12:20

6۔ "تو خون نہ کرنا۔" خروج 13:20

7۔ " زِنا نہ کرنا۔" خروج 14:20

8۔ "تو چوری نہ کرنا۔" خروج 15:20

9۔ "تو اپنے پڑوسی کے خلاف جھوٹی گواہی نہ دینا۔" خروج 16:20

10۔" تو اپنے پڑوسی کے گھر کا لالچ نہ کرنا۔ تو اپنے پڑوسی کی بیوی کا لالچ نہ کرنا اور نہ اُسکے غلام اور اُسکی لونڈی اور اُسکے بیل اور اُسکے گدھے کا اور نہ اپنے پڑوسی کی کسی اور چیز کا لالچ کرنا۔" خروج 17:20

## قرآن پاک میں دس احکام

1"۔ اور تمھارے پروردگار نے ارشاد فرمایا ہے کہ اُس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو"۔ سورۃ بنی اسرائیل 23:17

"اگر آسمان اور زمین میں خدا کے سوا اور معبود ہوتے تو زمین و آسمان درہم برہم ہو جاتے۔ جو باتیں یہ لوگ بتاتے ہیں خدائے ملک عرش اُن سے پاک ہے۔۔۔" سورۃ الانبیاء 21:22

2۔ تو بتوں کی پلیدی سے بچو۔۔۔" سورۃ الحج

"اور وہ وقت بھی یاد کرنے کے لائق ہے جب ابراہیم نے اپنے باپ آزر سے کہا تم کیا بتوں کو معبود مانتے ہو۔ میں دیکھتا ہوں کہ تم اور

تمھاری قوم مریح گمراہی میں ہو۔" سورۃ الانعام 6:75

"اور ابراہیم نے کہا کہ تم جو خدا کو چھوڑ کو بتوں کو لے بیٹھے ہو۔۔۔" العنکبوت 25:29

3۔ "اور خدا نے سب نام اچھے ہی اچھے ہیں تو اُسکو اُسکے ناموں سے پکارا کرو اور جو لوگ اُسکے ناموں میں کجی اختیار کرتے ہیں اُن کو چھوڑ دو۔ وہ جو کچھ کر رہے ہیں عنقریب اسکی سزا پائیں گے۔" سورۃ الاعراف 180:7

4۔ " کچھ شک نہیں کہ تمھارا پروردگار خدا ہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر جا ٹھہرا وہی رات کو دن کا لباس پہناتا ہے کہ وہ اُسکے پیچھے دوڑتا چلا آتا ہے۔ اور اُسی نے سورج اور چاند اور ستاروں کو پیدا کیا سب اُسکے حکم کے مطابق کام میں لگے ہوتے ہیں۔ دیکھو سب مخلوق بھی اسی کی ہے اور حکم بھی اُسی کا ہے۔ یہ خدائے رب العالمین بڑی برکت والا ہے۔" سورۃ الاعراف 54:7

"اور تم اُن لوگوں کو خوب جانتے ہو جو تم میں سے ہفتے کے دِن مچھلی کا شکار کرنے میں حد سے تجاوز کر گئے تھے۔ تو ہم نے اُن سے کہا کہ ذلیل وخوار بندر ہو جاو۔ اور اُس قصے کو اس وقت کے لوگوں کے لئے اور جو اُنکے بعد آنے والے تھے عبرت اور پرہیزگاروں کے لئے نصیحت بنا دیا۔" سورۃ البقرہ 2:65-66

اور اُن سے عہد لینے کو ہم نے اُن پر کوہ طور اُٹھا کھڑا کیا۔ اور اُنہیں حکم دیا کہ شہر کے دروازے میں داخل ہونا تو سجدہ کرتے ہوئے داخل ہونا اور یہ بھی حکم دیا کہ ہفتے کے دن مچھلیاں پکڑنے میں تجاوز نہ کریں یعنی حکم کے خلاف نہ کرنا۔ غرض ہم نے اُن سے مضبوط عہد لیا۔" سورۃ النساء 154:4

5۔ "اور تمھارے پروردگار نے ارشاد فرمایا ہے کہ۔۔۔ ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرتے رہو۔ اگر اُن میں سے ایک یا دونوں تمھارے سامنے بڑھاپے کو پہنچ جائیں۔ تو اُن کو اُف تک نہ کہنا اور نہ اُنہیں جھڑکنا اور اُن سے بات ادب کے ساتھ کرنا۔" سورۃ بنی اسرائیل 23:17

6۔ "اور اپنی اولاد کو مفلسی کے خوف سے قتل نہ کرنا۔ کیونکہ اُن کو اور تم کو ہم ہی رزق دیتے ہیں۔" " کچھ شک نہیں کہ اُن کا مار ڈالنا بڑا سخت گناہ ہے۔" سورۃ بنی اسرائیل 33,31:17

"۔۔۔ اور بے حیائی کے کام ظاہر ہوں یا پوشیدہ اُنکے پاس نہ پھٹکنا اور کسی جان والے کو جس کے قتل کو خدا نے حرام کر دیا ہے قتل نہ کرنا۔ مگر جائز طور پر یعنی جس کا شریعت حکم دے ان باتوں کی وہ تمھیں تاکید کرتا ہے تاکہ تم سمجھو۔" سورۃ الانعام 152:6

7۔ "اور زنا کے بھی پاس نہ جانا کہ وہ بے حیائی اور بُری راہ ہے۔" سورۃ بنی اسرائیل 32:17

"اے پیغمبر جب تمھارے پاس مومن عورتیں۔۔۔ آئیں نہ بدکاری کریں گی۔" سورۃ الممتحنہ 12:60

8۔ "وہ چوری نہ کرینگی۔" سورۃ الممتحنہ 12:60

"تم سب والد صاحب کے پاس واپس جاؤ اور کہو کہ ابا آپ کے صاحبزادے نے وہاں جا کر چوری کی۔ اور ہم نے تو اپنی دانست کے

مطابق آپ سے اس کے لے آنیکا عہد کیا تھا۔مگر ہم غیب کی باتوں کے جانتے اور یاد رکھنے والے تو نہیں تھے۔سورۃ یوسف 18:12
"اور جو شخص گناہ (چوری) کے بعد توبہ کرلے اور نیکوکار ہو جائے تو خدا اُس کو معاف کردے گا۔کچھ شک نہیں کہ خدا بخشنے والا مہربان ہے۔" سورۃ المائدہ 39:5
9۔ "جھوٹی بات سے اجتناب کرو"سورۃ الحج 30:22
"۔۔۔اگر وہ جھوٹ ہوگا تو اُسکے جھوٹ کا ضرر اُسی کو ہوگا: ۔۔۔بیشک خدا اس شخص کو ہدایت نہیں دیتا جو بے لحاظ جھوٹا ہے۔" سورۃ المومن 28:40
"اٹکل ڈورانے والے ہلاک ہوں۔" سورۃ الذریت 10:51
"دیکھو یہ خدا پر کیسا جھوٹ طوفان باندھتے ہیں۔اور یہی گناہ مریح کافی ہے۔" سورۃ النساء 50:4
"اور جب کوئی چیز ناپ کر دینے لگو تو پیا نہ پورا بھرا کرو۔اور جب تول کر دو۔ تو ترازو سیدھی رکھ کر تولا کرو۔یہ بہت اچھی بات اور انجام کے لحاظ سے بھی بہت بہتر ہے۔" سورۃ بنی اسرائیل 35:17
10۔ "اور جس چیز میں خدا نے تم میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے۔اِسکی ہوس مت کرو۔مردوں کو اُن کے کاموں کا ثواب ہے۔ جو اُنہوں نے کئے اور عورتوں کو ان کاموں کا ثواب ہے۔جو اُنہوں نے کئے اور خدا سے اس کا فضل وکرم مانگتے رہو۔کچھ شک نہیں کہ خدا ہر چیز سے واقف ہے۔" سورۃ النساء 32:4
"اور یتیم کے مال کے پاس بھی نہ پھٹکنا۔مگر ایسے طریقے سے کہ بہت بہتر ہو۔" سورۃ اسرائیل 34:17
حقیقت یہ ہے کہ شریعت (دس احکام) جو موسیٰ کو دی گئی تھی پورے قرآن پاک میں ہے۔اللہ تعالیٰ نے تمام انسانوں سے جو کوئی بھی وہ ہے سے کہا ہے کہ وہ اِن مقدس، پاک اور راست شریعت کی پیروی کریں۔پھر بھی ایسے ایماندار ہیں جنھوں نے اللہ تعالیٰ کی راست شریعت کی طرف اپنے کان بند کئے ہوئے ہیں۔
"اگر ہم اُسکے حکموں پر عمل کرینگے تو اِس سے ہمیں معلوم ہوگا کہ ہم اُسے جان گئے ہیں" 1 یوحنا 3:2
" کیونکہ خدا ہر ایک فعل کو ہر ایک پوشیدہ چیز کے ساتھ خواہ بھلی ہو خواہ بُری عدالت میں لائیگا۔" واعظ 13:12
آج اللہ تعالیٰ سے مدد مانگو کہ وہ تم کو خدا کی شریعت کی عزت کرنے اور جاننے کی توفیق دے۔

R.M. Harnisch